داغستان میں عبادت گاہوں پر دہشت گردانہ حملے میں 15 سے زائد افراد ہلاک

ماسکو (یو این آئی) روس کے شمالی خطے داغستان میں نامعلوم افراد کی جانب سے یہودی اور عیسائی عبادت گاہوں کے علاوہ ایک ٹریفک پولیس اسٹیشن پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں 7 پولیس اہلکاروں سمیت 15 سے زائد افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق روس کے شمالی خطے داغستان میں مسلح افراد نے گرجا گھروں، ایک عبادت گاہ اور ایک پولیس چوکی پر حملہ کیا ہے، جس میں کم از کم 15 پولیس اور نیشنل گارڈ کے افسران، گرجا گھر کا پادری اور متعدد عام شہری ہلاک ہوئے۔ حکام کے مطابق نامعلوم حملہ آوروں نے داغستان کے شہر ماخچکالا اور ڈربنت میں بیک وقت حملے کیے جس کے نتیجے میں 12 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے۔ سوشل میڈیا پر پوسٹ ہونے والی ویڈیوز اور روسی میڈیا پر چلنے والے فوٹیج میں ڈربیت شہر کا آسمان دکھایا گیا، جو عبادت گاہ کو آگ لگنے کے بعد دھویں اور شعلوں سے بھرا ہوا ہے، بنیادی طور پر مسلم اکثریتی علاقے میں یہ یہودیوں کی قدیم عبادت گاہ ہے۔

جنگ کے بعد غزہ کی سکیورٹی عالمی برادری کی ذمہ داری: جرمنی

برلن (ایجنسیاں) جرمن وزیر خارجہ انالینا بیئربوک منگل کو مصری دارالحکومت قاہرہ پہنچیں، جہاں انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران کہا کہ غزہ میں جاری جنگ کے بعد وہاں سکیورٹی کو منظم کرنا بین الاقوامی برادری کی ذمہ داری ہے۔ ساتھ ہی انالینا بیئربوک نے یہ بھی کہا کہ اپنی صفوں میں بہتری لانے کے بعد فلسطینی خودمختار انتظامیہ کو مستقبل میں غزہ میں ایک اہم کردار ادا کرنا ہوگا۔ جرمن وزیر کا کہنا تھا، "مصر اور جرمنی اس بات پر متفق ہیں کہ غزہ اور ویسٹ بینک دونوں فلسطینیوں کے علاقے ہیں۔'' دریں اثناء امریکہ اور مشرق وسطیٰ کے ممالک کی طرف سے اسرائیل پر دباؤ بڑھ رہا ہے کہ وہ حماس کے زیر انتظام غزہ کے علاقوں میں اپنے حملوں کو کم کرے جبکہ جرمنی کی طرف سے غزہ میں فلسطینی عوام کے مصائب کم کرنے کی بات کی گئی ہے۔ جرمنی روایتی طور پر اسرائیل کے مضبوط ترین اتحادیوں میں سے ایک اہم ملک ہے۔ اس ملک کی تاریخ کا نازی دور ہولوکاسٹ کے سیاہ باب کی وجہ سے داغ دار ہے جس میں تقریباً 60 لاکھ یہودیوں کے قتل کا ذمہ دار ماضی کا نازی جرمنی ہی رہا ہے۔

جرمن وزیر خارجہ نے قاہرہ میں اپنے مصری ہم منصب سامح شکوری کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا، جس میں انہوں نے کہا، "فلسطینیوں کو ان کے علاقے سے نہیں نکالا جانا چاہیے۔'' مصری وزیر خارجہ نے اس موقع پر کہا کہ اس وقت کی اولین ترجیحات جنگ بندی، سکیورٹی کے مسائل سے نمٹنا، انسانی بنیادوں پر امداد کی فراہمی کو ممکن بنانا اور (غزہ سے فلسطینیوں کی) نقل مکانی کو روکنا ہے۔'' مصری وزیر خارجہ نے نقل مکانی کو روکنے کی کوششوں کے بارے میں کہا کہ اس حوالے سے یہ سمجھا جا رہا ہے کہ اس کے لیے کوششیں ہو رہی ہیں۔ لیکن ان کے بقول، "یہ فریب نظر ہے، خوش فہمی ہے، کیونکہ ہمیں نقل مکانی کو روکنے کی کوئی عملی کوشش نظر نہیں آرہی۔'' جرمن وزیر خارجہ انالینا بیئربوک پیر کو اسرائیل میں تھیں اور آج مصر کا دورہ کرنے کے بعد وہ لبنان پہنچیں گی۔ انہوں نے اپنے بیان میں اس امر پر بھی زور دیا کہ عسکریت پسند تنظیم حماس کو ہتھیار ڈالنا ہوں گے۔ ایک ایسے وقت پر جب اسرائیل پر جنگ کی شدت کو کم کرنے پر زور بڑھ رہا ہے، منگل کے دن اسرائیلی فوج نے کہا کہ غزہ پٹی میں حماس کے عسکریت پسندوں کے خلاف اس کی کارروائی میں اب تک اس کے 185 فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔ تازہ ترین ہلاکتوں کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ پیر کے روز لڑائی میں مزید نو اسرائیلی فوجی مارے گئے۔ یاد رہے کہ سات اکتوبر کو اسرائیل پر حماس کے دہشت گردانہ حملے کو اسرائیل کی ریاستی تاریخ کا مہلک ترین حملہ قرار دیا گیا تھا، جس کے بعد سے اسرائیل نے حماس کے عسکریت پسندوں کو کچلنے کا عزم کر رکھا ہے۔ حماس کے اسرائیل پر دہشت گردانہ حملے میں اسرائیلی حکومت کے اعداد و شمار کے مطابق تقریباً 1,140 افراد ہلاک ہوئے تھے، جن میں سے زیادہ تر عام شہری تھے۔ اس کے علاوہ حماس کے عسکریت پسندوں نے تقریباً 250 افراد کو یرغمال بھی بنا لیا تھا۔ اسرائیل کا کہنا ہے کہ ان میں سے 132 ابھی تک حماس کی قید میں ہیں جن میں سے کم از کم 25 کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ شاید مارے جا چکے ہیں۔

ہم مشرق وسطیٰ میں ایک پھیلتی ہوئی جنگ کے دہانے پر کھڑے ہیں: جوزپ بوریل

بیروت (ایجنسیاں) یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کے سربراہ جوزپ بوریل نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ جنگ کے پھیلاؤ کے کنارے پر کھڑا ہے۔ یورپی یونین کے عہدے دار نے یہ بات پیر کے روز بتائی ہے۔ ابھی کچھ ہی روز پہلے لبنان کی ایرانی حمایت یافتہ ملیشیا حزب اللہ نے یورپی ملک قبرص کو انتباہ کیا تھا۔ جوزپ بوریل نے یہ بیان اس کے بعد دیا ہے۔ اس دوران یہ اطلاعات سامنے آئی ہیں کہ یورپی ممالک اپنے شہریوں کو لبنان سے نکلنے کا کہہ رہے ہیں۔ جوزپ بوریل نے وزرائے خارجہ کے اجلاس سے پہلے لکسمبرگ میں رپورٹرز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا جنگی دائرہ لبنان کے جنوب کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے اور ہر روز جنگی خطرہ اور دائرہ پھیل رہا ہے۔ یورپی یونین کے خارجہ پالیسی سربراہ کا کہنا تھا 'ہم پھیلتی ہوئی جنگ کے دہانے پر کھڑے ہیں۔

'واضح رہے ماہ جون کے وسط میں اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں حزب اللہ کے ایک سینیئر رکن کی ہلاکت کے بعد حزب اللہ نے اسرائیل کے اندر بڑی تعداد میں میزائل اور راکٹ حملے کیے ہیں۔ اس سے پہلے ایک ہی دن میں اتنی بڑی تعداد میں حزب اللہ نے کبھی راکٹ یا میزائل نہیں پھینکے تھے۔ حزب اللہ کی طرف سے اسرائیل کے ساحلی شہر حیفا میں بھی حملے کیے گئے ہیں۔ حزب اللہ اور لبنان کے درمیان اس شدت کے دوران امریکی صدر کے سینیئر مشیر آموس ہوچسٹن نے اسرائیل اور لبنان کا خصوصی دورہ کیا۔ تاکہ کشیدگی پھیلنے کے خطرے سے پہلے دونوں طرف کے رہنماؤں سے مل سکیں۔ ادھر اسرائیلی عہدیدار نے دو روز قبل کہا ہے کہ یحییٰ السنوار اس لیے جنگ بندی میں ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں کہ وہ حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان جنگ چھڑنے کا انتظار کر رہے ہیں۔

یوروپی یونین کی روس کے 116 افراد اور اداروں پر پابندیاں



ماسکو (ایجنسیاں) روسی خبر رساں ادارے 'تاس' نے بتایا ہے کہ یورپی یونین نے 116 روسی افراد اور اداروں پر پابندیاں عائد کی ہیں۔ خبر رساں ایجنسی نے مزید کہا کہ یورپی یونین نے روس، چین، متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کی 61 کمپنیوں کو پابندیوں کے 14ویں پیکج میں شامل کیا ہے۔ دوہری استعمال کی ٹیکنالوجیز کی برآمد پر بھی پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں۔ یوروپی یونین نے "آرکٹک "2 اور "مرمانسک" ایل این جی جیسے مائع قدرتی گیس کے منصوبوں کو مکمل کرنے کے لیے سرمایہ کاری اور سامان، ٹیکنالوجی اور خدمات کی فراہمی پر پابندی عائد کر دی۔ بیلجیئم کے وزیر خارجہ نے کہا کہ یورپی یونین کے ممالک نے روس کے منجمد اثاثوں سے حاصل ہونے والے منافع کو یوکرین کے مفاد میں استعمال کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کے سربراہ جوزپ بوریل نے اعلان کیا کہ یورپی یونین نے ایک ایسا طریقہ کار تیار کیا ہے جو کیف کے لیے اسلحے کی خریداری پر ہنگری کے ویٹو کو منجمد روسی اثاثوں سے حاصل ہونے والی آمدنی کو استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ بوریل نے فنانشل ٹائمز کے ساتھ ایک انٹرویو میں کہا کہ بوڈاپیسٹ جس نے پہلے روسی اثاثوں کے استعمال کی تجویز کو مسترد کر دیا تھا" کے لیے یونین کے فیصلے میں شمولیت ضروری نہیں۔ گذشتہ ہفتے یورپی یونین کے ممالک نے روس پر "مضبوط اور اہم" پابندیاں عائد کرنے پر اتفاق کیا تھا تاکہ روس کی یوکرین کے خلاف جنگی کوششوں کا سخت جواب دیا جا سکے۔ بیلجیئم کے ایوان صدر 'ایکس' پلیٹ فارم پر لکھا کہ "یہ پیکج نئے ہدفی اقدامات فراہم کرتا ہے اور خامیوں کو بند کر کے موجودہ پابندیوں کے اثرات کو بڑھاتا ہے"۔ امریکی محکمہ خزانہ نے حال ہی میں پابندیوں کے دائرہ کار میں نمایاں توسیع کا اعلان کیا تھا۔ اس میں 300 سے زائد اداروں اور افراد کو نشانہ بنایا گیا ہے تاکہ یوکرین میں جاری تنازعے کے دوران روسی فوجی پیداواری صلاحیتوں کو متاثر کیا جا سکے۔

مختصر خبریں

امریکہ میں شدید گرمی کی لہر، ہیٹ ویو وارننگ جاری

واشنگٹن (یو این آئی) موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس وقت دنیا کے کئی خطے شدید ترین گرمی کی لپیٹ میں ہیں اور مختلف ممالک میں اب تک اس گرمی کے باعث سینکڑوں انسانی جانیں ضائع ہو چکی ہے۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق امریکا بھر میں گرمی کی لہر میں تیزی کی لہر جاری ہے، واشنگٹن میں درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر گیا ہے۔ امریکہ کے بعض شہروں میں درجہ حرارت 37 سے 43 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا، شمالی اور جنوبی ریاستوں ہیٹ ویو وارننگ جاری کردی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ شدید گرمی کے باعث ہزاروں افراد متاثر ہوسکتے ہیں، نیو انگلینڈ میں بڑے پیمانے پر طوفان، سیلاب، تیز ہوائیں اور بگولوں کا خطرہ ہے۔ واضح رہے کہ اس وقت دنیا کے کئی خطے شدید اور تاریخی گرمی کی لپیٹ میں ہیں، متحدہ عرب امارات میں شدید گرمی کے باعث ایک کرکٹر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ یہ واقعہ متحدہ عرب امارات میں پیش آیا ہے جہاں شدید گرمی میں کرکٹ کھیلنے والا ایک شوقیہ کرکٹر مندیپ سنگھ میچ کے بعد چل بسا۔ گزشتہ دنوں متحدہ عرب امارات میں کرکٹ کے شوقین افراد نے ایک میچ شدید گرمی میں کھیلا۔ میچ تو کھیل لیا گیا مگر میچ کے بعد ایک کرکٹر مندیپ سنگھ کی حالت غیر ہوگئی اور وہ کچھ دیر میں ہی انتقال کر گیا۔

حج کے دوران ایک ہزار 301 اموات: سعودی وزیر صحت

ریاض، 24 جون (یو این آئی) سعودی وزیر صحت فہد الجلاجل کا کہنا ہے کہ اس سال حج کے دوران شدید گرمی کے باعث ایک ہزار 301 اموات ہوئیں۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سعودی وزیر صحت نے بتایا کہ ان اموات میں 83 فیصد وہ افراد تھے جو بغیر پرمٹ کے حج کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بغیر پرمٹ افراد نے صحت سے متعلق ہدایات پر عمل نہیں کیا، جن میں سے 95 مریض اسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔ دوسری جانب سعودی عرب میں شدید گرمی کی وجہ سے مسجد الحرام اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جمعے کے خطاب اور نماز سے متعلق اہم فیصلہ کیا گیا ہے۔ سربراہ برائے مسجد الحرام اور مسجد نبوی شیخ ڈاکٹر عبدالرحمان السدیس نے جمعہ کی نماز کے خطاب کا دورانیہ کم کرنے کی ہدایات جاری کر دیں۔ نئے احکامات کے مطابق مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں جمعہ کا خطاب اور نماز پندرہ منٹ کے اندر ادا کرنے کی ہدایات کی گئی ہے۔ مقامی سعودی میڈیا کے مطابق یہ فیصلہ سخت گرم موسمی حالات کے پیش نظر کیا گیا ہے، یہ تبدیلی سخت گرمیوں تک جاری رہے گی، جس کے بعد سابقہ روٹین پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

مدین واقعہ: جلاؤ گھیراؤ اور تھانے پر حملے میں ملوث کلیدی ملزم گرفتار

سوات (یو این آئی) مدین میں مشتعل افراد کی جانب سے توہین مذہب کے الزام میں ایک شخص کو زندہ جلانے اور تھانے پر حملے کی تحقیقات میں مطلوب اہم ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ چند روز قبل مدین میں مشتعل افراد نے توہین مذہب کے الزام میں ایک شخص کو زندہ جلا کر تھانے کو بھی آگ لگا دی تھی۔

کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی

زمبابوے دورے کے لیے ٹیم انڈیا کا اعلان، **شبھمن** گل بنے کپتان

پہلی بار پراگ، ابھیشیک اور ریڈی کو ہندوستانی ٹیم میں ملی جگہ، تشار دیشپانڈے بھی شامل

نئی دہلی (ایجنسیاں) نوجوان ریان پراگ، ابھیشیک شرما اور نتیش ریڈی کو آئی پی ایل میں اچھی کارکردگی کی وجہ سے پہلی بار دورہ زمبابوے کے لیے ہندوستانی کرکٹ ٹیم میں جگہ ملی ہے، جبکہ شبھمن گل ٹیم کے کپتان ہوں گے۔ سینئر کھلاڑیوں کپتان روہت شرما، ویراٹ کوہلی، ہاردک پانڈیا، سوریا کمار یادو، رویندرا جڈیجا اور جسپریت بمراہ جو ویسٹ انڈیز اور امریکہ میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کھیل رہے ہیں، کو آرام دیا گیا ہے۔ دورہ زمبابوے کا آغاز 6 جولائی سے ہوگا جس میں پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے جائیں گے۔

پراگ، ابھیشیک اور ریڈی کے علاوہ تشار دیش پانڈے، ہرشیت رانا، آویش خان اور رنکو سنگھ کو بھی آئی پی ایل میں اچھی کارکردگی کی وجہ سے ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ ٹی 20 ورلڈ کپ میں شرکت کرنے والے سنجو سیمسن اور یشسوی جیسوال کو بھی 15 رکنی ٹیم میں جگہ ملی ہے۔ گل اور آویش ٹی 20 ورلڈ کپ کے ریزرو کھلاڑیوں میں شامل تھے جنہیں گروپ مرحلے کے میچوں کے بعد چھوڑ دیا گیا تھا۔ نئے کھلاڑیوں میں ابھیشیک اور پراگ نے آئی پی ایل کے اس سیزن میں اچھی بلے بازی کی۔ پنجاب کے بلے باز ابھیشیک نے آئی پی ایل میں سن رائزرس حیدرآباد کی جانب سے کھیلتے ہوئے 484 رنز بنائے جبکہ راجستھان رائلز کے پاراگ نے 573 رنز جوڑے۔

زمبابوے کے خلاف اس سیریز کے لیے ورلڈ کپ اسکواڈ میں منتخب کھلاڑیوں کو بھی ہندوستانی ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ ان میں یشسوی جیسوال اور سنجو سیمسن شامل ہیں۔ ابھی تک، اسے امریکہ اور ویسٹ انڈیز کی میزبانی میں جاری ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 میں ہندوستان کے لیے کھیلنے کا موقع نہیں ملا ہے۔ اس کے علاوہ دورہ زمبابوے کے لیے ورلڈ کپ اسکواڈ میں ریزرو کھلاڑیوں کے طور پر منتخب کھلاڑیوں کو بھی موقع ملا ہے۔ ان میں شبھمن گل، رنکو سنگھ اور خلیل احمد شامل ہیں۔

یہ چوتھا موقع ہوگا جب زمبابوے دو طرفہ ٹی 20 سیریز میں ہندوستان کی میزبانی کرے گا۔ اس سے قبل یہ سیریز 2010، 2015 اور 2016 میں کھیلی گئی تھی۔ ہندوستان نے 2010 اور 2016 میں کامیابی حاصل کی تھی۔ اس کے ساتھ ہی 2015 میں سیریز برابری پر ختم ہوئی۔

ہندوستانی ٹیم: شبھمن گل (کپتان)، یشسوی جیسوال، رتوراج گائیکواڑ، ابھیشیک شرما، رنکو سنگھ، سنجو سیمسن، دھرو جورل، نتیش ریڈی، ریان پراگ، واشنگٹن سندر، روی بشنوئی، آویش خان، خلیل احمد، مکیش کمار، تشار دیشپانڈے۔

افغانستان کے پاس سیمی فائنل میں جگہ بنانے کا موقع

بنگلہ دیش کے خلاف بڑے مارجن سے جیت کی ضرورت، بنگال ٹائیگرس بھی پر امید

کنگسٹن (ایجنسیاں) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں افغانستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ کھیلا جانا ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سپر ایٹ راؤنڈ کا اہم میچ کنگسٹن کے آرنوس ویل گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ اس میچ میں دونوں ٹیموں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ یہ میچ جیت کر افغانستان کی ٹیم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 کے سیمی فائنل میں جگہ بنانے کے اپنے امکانات کو بہتر بنانے کی کوشش کرے گی۔ اگر ہندوستانی ٹیم اس میچ سے پہلے آسٹریلیا کو ہراتی ہے تو افغانستان کو صرف جیتنا ہوگا اور اس کی ٹیم سیمی فائنل میں پہنچ جائے گی۔

جبکہ اگر آسٹریلیا جیت جاتا ہے تو افغانستان کو اپنے نیٹ رن ریٹ کو بہتر بنانے اور پوائنٹس ٹیبل میں آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑنے کے لیے بنگلہ دیش کو بڑے مارجن سے شکست دینا ہوگی۔ بنگلہ دیش کے امکانات کم ہیں کیونکہ انہیں امید کرنی ہوگی کہ آسٹریلیا ہندوستان سے ہارے اور پھر افغانستان کو بڑے مارجن سے شکست دے کر اس بات کو یقینی بنائے کہ ان کا ناقص رن ریٹ افغانستان اور آسٹریلیا کے نیٹ رن ریٹ سے اوپر ہو جائے۔ اس میچ میں پچ کا کردار بہت اہم ہونے جا رہا ہے۔

سینٹ ونسنٹ اسٹیڈیم میں گیند کو گھومنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ یعنی افغانستان اپنے اسپنرز کے ساتھ یہاں ایک مضبوط ٹیم ثابت ہوسکتا ہے۔ یہاں رن ریٹ بھی صرف 6.6 ہے۔ اوسط اسکور بھی صرف 131 رنز تھا۔ ٹاس جیتنے کے بعد پہلے بیٹنگ کرنا فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔

توحید ہردوئے بنگلہ دیش کے لیے ہر میچ میں پرفارم کر رہے ہیں۔ وہ ٹیم کے ٹاپ اسکورر ہیں۔ انہوں نے 6 میچوں میں 139 رنز بنائے ہیں۔ انہوں نے آسٹریلیا کے خلاف 40 رنز بنائے۔ رشاد حسین بنگلہ دیش کے لیے دوسرے ٹاپ وکٹ لینے والے بولر ہیں انھوں نے 6 میچوں میں 6.94 کی اکانومی کے ساتھ بولنگ کی اور 11 وکٹیں حاصل کیں۔ رشاد نے اس ورلڈ کپ میں آسٹریلیا کے خلاف 2 اور نیدرلینڈ کے خلاف 3 وکٹیں حاصل کیں۔ فاروقی دنیا کے ٹاپ وکٹ لینے والے بولر ہیں، ایک میچ میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔ وہ اس ورلڈ کپ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں۔ انہوں نے 6 میچوں میں 15 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے یوگنڈا کے خلاف 9 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

دوسری طرف افغانستان کے کپتان راشد خان ٹی 20 میں ٹیم کے سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں۔ انہوں نے کل 88 میچوں میں 142 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ اس ورلڈ کپ میں انہوں نے 6 میچوں میں 111 رنز بنائے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے 10 وکٹیں بھی حاصل کی ہیں۔ منگل کی صبح 6 بجے سے شروع ہونے والا یہ میچ دلچسپ ہونے کا امکان ہے۔

ملک کے لیے کھیلنے کو ترجیح دینی چاہئے: روومین پاول



نارتھ ساؤنڈ (ایجنسیاں) ویسٹ انڈیز ٹیم کے کپتان روومین پاول جو کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سے باہر ہو گئے تھے، نے کیریبین کرکٹ کی شان کو واپس لانے پر ٹیم کی تعریف کی ہے لیکن کھلاڑیوں سے درخواست کی ہے کہ وہ فرنچائز کرکٹ کے بجائے ملک کے لیے کھیلیں۔ دو بار کی چمپئن ویسٹ انڈیز کی ٹیم، جو گزشتہ دو ورلڈ کپ سے جلد باہر ہوگئی تھی، بارش سے متاثرہ سپر ایٹ مرحلے کے میچ میں جنوبی افریقہ کے ہاتھوں شکست کے بعد سیمی فائنل میں داخل ہونے سے محروم رہی۔ پاول نے میچ کے بعد پریس کانفرنس میں کہا کہ اب ملک کے لیے کھیلنے کی خواہش پھر سے جاگتی نظر آرہی ہے اور امید ہے کہ یہ جاری رہے گی۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ویسٹ انڈیز جیسے چھوٹے کرکٹ بورڈ کے لیے فرنچائز کرکٹ کے لالچ کی وجہ سے اپنی بہترین ٹیم کا انتخاب کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا،'' یہ پچھلے ایک یا دو سالوں سے اچھا رہا ہے۔ امید ہے کہ کھلاڑی ہمیشہ ملک کے لیے کھیلنے کا انتخاب کریں گے۔ کپتان ہونے کے ناطے میں اس کی حوصلہ افزائی کرتا رہوں گا۔ فرنچائز کرکٹ میں دستیاب پیسے کی رغبت کے درمیان، ویسٹ انڈیز جیسے چھوٹے بورڈ کے لیے اپنی بہترین ٹیم کا انتخاب کرنا آسان نہیں ہے''۔ پاول نے کہا کہ ہم نے گزشتہ ایک سال سے اچھی کرکٹ کھیلی ہے اور درجہ بندی میں نویں سے تیسرے نمبر پر آ گئے ہیں۔ ایک ٹیم کے طور پر، ہم اس کو آرڈینیشن کے ساتھ کام جاری رکھیں گے۔

جنوبی افریقہ کی نئی ٹیم دباؤ کو ہینڈل کرنا جانتی ہے: شمسی

ویسٹ انڈیز کو شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچنے پر افریقی گیند باز خوش

نارتھ ساؤنڈ (ایجنسیاں) جنوبی افریقی ٹیم کے اسپنر تبریز شمسی جو طویل عرصے سے 'چوکرز' کے لیبل کا سامنا کر رہے ہیں، نے کہا کہ 'نئی جنوبی افریقہ' ٹیم نے اس ٹی 20 ورلڈ کپ میں دباؤ کا اچھی طرح سے سامنا کیا ہے۔ ایڈن میک کرم کی ٹیم تقریباً تمام میچوں میں قریبی جیت کے ساتھ ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہی ہے۔ جنوبی افریقہ نے نیپال کو ایک رن سے، بنگلہ دیش کو چار رنز سے اور انگلینڈ کو سات رنز سے شکست دی۔ اتوار کو اس نے میزبان ویسٹ انڈیز کو تین وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ شمسی نے میچ کے بعد پریس کانفرنس میں کہا ''بہت سے میچ بہت قریب تھے جو نہیں ہونا چاہیے تھا۔ لیکن خوشی کی بات یہ ہے کہ یہ جنوبی افریقہ کی نئی ٹیم ہے جو دباؤ کے سامنے نہیں جھکتی۔'' انہوں نے کہا کہ ہم ہر میچ میں شدید دباؤ میں تھے لیکن کھلاڑی جیت کے راستے تلاش کرنے میں کامیاب رہے، چاہے میچ کتنا ہی قریب کیوں نہ ہو۔ ایک اکائی کے طور پر اکٹھے رہنا خوشی کی بات ہے۔''

تین وکٹیں لینے والے شمسی نے کہا، ''پچھلے میچ میں، میں نے اننگز میں دیر سے بولنگ کی اور 50 رنز دیے۔ یہ تنقید بھی ہوئی کہ میں پریشر وغیرہ نہیں سنبھال سکتا۔ لیکن مجھے لگتا ہے کہ میں نے کوارٹر فائنل جیسے میچ میں بہت زیادہ دباؤ میں جواب دیا ہے۔''

شمسی کو کیریبین پریمیئر لیگ کھیلنے کا فائدہ بھی ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے گزشتہ پانچ چھ سالوں سے کیریبین پریمیئر لیگ کھیلی ہے جس سے مجھے ویسٹ انڈیز کے کرکٹرز کو سمجھنے میں مدد ملی۔ واضح رہے کہ تبریز شمسی (تین وکٹ) اور دیگر گیند بازوں کی شاندار کارکردگی اور اس کے بعد ٹرسٹن اسٹبس ((29 اور ہینرک کلاسن ((22 کی اننگز کی بدولت جنوبی افریقہ نے ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر ایٹ گروپ دو کے بارش سے متاثرہ میچ میں ویسٹ انڈیز کو تین وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ سر ویوین رچرڈز اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ویسٹ انڈیز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کو 136 رنز کا ہدف دیا تھا۔ جنوبی افریقہ کی اننگ میں بارش کی وجہ سے ڈک ورتھ لوئس رول کے تحت تین اوور کم کرکے 17 اوورز میں 123 رنز کا ہدف کر دیا گیا۔ جسے جنوبی افریقہ نے 16.1 اوورز میں 7 وکٹوں پر 124 رنز بنا کر حاصل کر لیا۔